Vol. II
No. 4

Saturday
14th June, 1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

CONTENTS

	Pages
Starred Questions and Answers . .	189–214
Unstarred Questions and Answers . . .	214–221
Discussion on the mode of Election to the Local Advisory Board, Central Railway, Secunderabad and to the Senate of the Osmania University	221–227
Election to Local Advisory Board, Central Railway, Secunderabad ...	228
Election to the Senate of Osmania University	228–229
Election to the Committee on Estimates	229–233

Price: Eight Annas.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Saturday the 14th June, 1952

(4TH DAY OF THE SECOND SESSION)

THE ASSEMBLY MET AT NINE OF THE CLOCK
[MR SPEAKER IN THE CHAIR]

Mr Speaker : Now we shall take up questions. Shri Ch Venkatrama Rao

Starred Questions And Answers

SUBSIDIES TO PRESS TRUST OF INDIA AND UNITED PRESS OF INDIA

*36. *Shri Ch. Venkatrama Rao* (*Karimnagar*) . Will the hon the Chief Minister be pleased to state :

Whether it is a fact that the Government are subsidising Press Trust of India and United Press of India to the tune of thousands of Rupees ?

The Minister for Labour and Information (*Shri V. B. Raju*) The Government of Hyderabad are paying the Press Trust of India I G. Rs. 30 thousand per annum and the United Press of India I.G. Rs. 17 thousand per annum as subscription.

شری سی ایچ - ونکٹ رام راؤ - کیا یہ بتایا جاسکتا ہے کہ کن بنیادوں پر یہ رقم دی جارہی ہے؟

Shri V. B. Raju . This is only towards subscription. There is no hard and fast rule.

شری سی ایچ - ونکٹ رام راؤ - کیا انکے علاوہ کوئی دوسرے پریس بھی ہیں جن کو رقم دیجاسکتی ہے ؟

Shri V. B. Raju : Some other agencies are also being paid subscription.

Shri V. D. Deshpande (*Ippaguda*) : May I know the names of those agencies ?

Shri V. B. Raju : The A.N.S is being paid Rs. 500 per month,

Shri V. D Deshpande . Is the Government thinking of subscribing to any other news agencies here ?

Shri V. B Raju . Every application will be considered on its merits.

Shri M Buchiah (*Sirpur*) . May I know since when these amounts are being paid ?

Shri V B. Raju Every year the subscription is renewed or withdrawn

شری لکشمن گونڈا (آصف آباد ۔ عام) ۔کیا میں یہ معلوم کرسکتا ہوں کہ اسکے کیا میرٹس ہیں اور کیا معیار ہے ؟

Shri V. B Raju : I have already answered this question.

Mr. Speaker : Next question. Shri Ganeriwal.

GOVERNMENT SERVANTS' CONDUCT RULES

*32 *Shri L. R. Ganeriwal* (*Ramayanpet*) . Will the hon the Chief Minister be pleased to state —

Are there any cases in which the Rules 8 and 13 of the Hyderabad Government Servants Conduct Rules, 1950, are not strictly adhered to by the Government of Hyderabad ?

The Chief Minister (*Shri B. Ramkrishna Rao*) The answer to the question is in the negative.

Mr Speaker · Next question, Shri Ch. Venkatramarao

DAMAGE TO CROPS

*42. *Shri Ch. Venkataramarao* : Will the hon. the Chief Minister be pleased to state .

(*i*) How much Paddy (tabi) was ruined in the Hyderabad State owing to unusual summer storm and rains ?

(*ii*) What steps have been taken to relieve the distress of the Peasants particularly in Karimnagar and Ibrahimpatnam taluqs ?

Shri B. Ramkrishna Rao : The necessary information is being collected and will be placed on the table of the House within a few days.

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - حکومت نے اس سلسلے میں جو امداد دی ہے
یا جو امداد مہیا کی ہے کیا وہ معلوم کرائی جاسکتی ہے ؟

Shri B Ramkrishna Rao I do not follow the hon Member.

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے
اس سلسلے میں کیا امداد دی یا کیا امداد دیا مہیا کیا ہے ؟

The nature of relief and to what extent the relief is being given

Shri B. Ramkrishna Rao · When I said that figures are being collected I meant that detailed figures are being collected. Now I can make only general references.

ابراہیم پٹن کے تعلقہ میں دو سرکلس ہیں - اسٹارم (Storm) کی وجہ سے قریب قریب ۵۰ فیصد تابی کراپ (Crop) کا نقصان ہوا - اسکی اطلاع آئی کہ کچھ جانور بھی مر گئے - کریم نگر سے اطلاع ملی ہے کہ ۴۱ مواضعات میں نقصان ہوا مال تلف ہوا اور قریب قریب ۷۵ فیصد فصل کا نقصان ہوا - لیکن انسانوں یا جانوروں کا جانی نقصان نہیں ہوا - کریم نگر میں چار پانچ سو ایکر میں پیداوار کا نقصان ہوا - ابراہیم پٹن کے علاوہ میں قریب قریب ایک ہزار ایکر میں پیداوار کو نقصان پہنچا - اس نقصان کے ریلیف کیلئے گورنمنٹ نے ۱۳ ہزار روپیہ کلکٹر کے ڈسپوزل میں رکھے ہیں تاکہ گھروں کے چھتوں اور دوسرے نقصانات کی تلافی کیجائے - کریم نگر میں ۱۰ ہزار روپیہ کا گرانٹ کلکٹر کے پاس رکھا گیا ہے - اس بارے میں ڈیٹیلس منگوائے گئے ہیں جسکا اسٹیٹمنٹ هاؤس کے سامنے رکھا جائیگا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - رمیشن (Remission) کس حد تک دیا جاتا ہے ؟

شری بی - رام کشن راؤ - رمیشن کلکسن کی حد تک دیا جاتا ہے -

شری سی ایچ - ونکٹ رام راؤ - سلطان آباد ، مدگل اور مٹ پلی کے ۴۱ مواضعات کیلئے صرف ۱۰ ہزار کی رقم ریلیف کیلئے رکھی گئی ہے - یعنی ہر موضع کو تقریباً ۲۰۰ روپیے کی مدد دیجائیگی - کیا یہ رقم کافی سمجھی جا سکتی ہے ؟

شری - بی - رام کشن راؤ - کریم نگر ، جگتیال ، سرسلہ اور مٹ پلی کے ۴۱ مواضعات میں ریلیف کے علاوہ ۱۰ ہزار روپیہ رکھے گئے ہیں - جو ضروری ریلیف دیجاسکتی ہے دیگئی ہے - یہ رقم کلکٹر کے ڈسکریشن پر رکھی گئی ہے - اگر آنریبل ممبر یہ محسوس کرتے ہیں کہ کہیں ریلیف نہیں پہنچی ہے تو حکومت کی توجہ اسطرف منعطف کراسکتے ہیں

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - کیا آنریبل چیف منسٹر جانتے ھیں کہ باوجود ریلیف کے کام پورا نہیں ھوا - جہاں نقصان ھوا ھے وھاں زبردستی لیوی بھی وصول کی جارھی ھے اور آنریبل جناریڈی موڈ منسٹر کی توجہ بھی مبذول کرائی گئی جبکہ وہ وھاں آئے بھی لیکن کوئی توجہ نہیں کی گئی -

شری بی - رام کشن راؤ - لیوی کے احکام کے بارے میں اگر کہیں تعمیل نہیں ھو رھی ھے تو اس بارے میں مقامی عہدہ داروں کی توجہ منعطف کرائی جاسکتی ھے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - کیا چیف منسٹر جانتے ھیں کہ جہاں اسٹارم ھوا ھے وھاں لیوی معاف کرنے کے لئے چنا ریڈی صاحب کی توجہ مبذول کرائی گئی -

شری بی - رام کشن راؤ - اگر آنریبل سپلائی منسٹر کی توجہ مبذول کرائی گئی ھے تو وہ یقیناً ضروری کارروائی کرینگے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - اب تک تو کوئی کارروائی نہیں ھوئی -

Mr Speaker . Let us proceed to the next question.

Shooting of Members of the Communist Party

*46. *Shri Ch. Venkatramarao* Will the hon Minister for Home be pleased to state .

(*i*) Is it a fact that more than 8 members of the Communist party were shot dead in Telengana ?

(*ii*) Is it also a fact that our Shri. Thorata-Lachmana-moorthi was arrested by the Vicarabad Police and shot dead during the election campaign ?

ھوم منسٹر (شری ڈگمبر راؤ بندو) اسکے جواب سے پہلے میں یہ کہونگا کہ اس سوال میں ٹائپ مسٹیک کی وجہ سے " تلنگانہ " کے بعد " ڈیورنگ دی الکشن " (During the Election) چھوٹ گیا ھے یہ الفاظ بھی شریک کرلئے جائیں -

مسٹر اسپیکر - میرے پاس یہ سوال جس طرح آیا ھے اسی طرح رکھا گیا ھے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - اس میں ٹائپ کی غلطی سے "ڈیورنگ دی الکشن" کے الفاظ چھوٹ گئے ھیں -

شری ڈگمبر راؤ بندو - نکسٹ ٹائم (Next time) آپ اسے لے سکتے ھیں - ۲۱-۱۱-۱۹۵۱ع کا یہ واقعہ ھے کہ وقار آباد اور اپٹ پلی کے جنگل

میں پولس اور گوریلاز کے درمیان لڑائی ہوئی - اس لڑائی میں دو آدمی مارے گئے جن میں سے ایک لکشمن ریڈی بھی تھا - انکے پاس کارتوس اور رائفل نکلے ہیں - اسکی رپورٹ پولس میں موجود ہے -

شری دا جی شنکر راؤ - (عادل آباد) کیا آنریبل ممبر یہ جانتے ہیں کہ الکشن کے دوران میں دوسرے اضلاع میں بھی آدمیوں کو مارا اور شوٹ کیا گیا ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - اسکے لئے آپ نوٹس دیجئے بتلایا جائیگا ؟

شری لکشمن کونڈا - جو لوگ مارے گئے ہیں کیا وہ لوگوں کو خوف زدہ کرنے والے تھے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - یہ ایسے اشخاص تھے جن پر چار چار یا پانچ پانچ قتل کے الزامات تھے - انکو ارسٹ (Arrest) کرنے کے لئے پولس بھی کوشاں تھی اور یہ لوگ ان سے چھپ کر جنگل میں بیٹھے ہوئے تھے - پولس نے ان کا پتہ چلایا اور کلاس میں فائرنگ ہوئی اس فائرنگ میں یہ مارے گئے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - اخبار میں یہ اطلاع آئی ہے کہ :-

౧౯౫౧ నవంబరులో కామ్రేడ్ తోరాట తదితర కామ్రేడ్స్ ప్రజాతంత్ర సంఘటన నాయకులు వికారాబాదు ఏరియాలో ఎన్నికలప్రచారం చేస్తుండగా హైదరాబాదు మిలిటరీ పోలీసులు [illegible] చేసి కాల్చి చంపారు కాల్చివేయబడిన వారిలో కామ్రేడ్ తోరాట లక్ష్మణమూర్తి ఒకరు ఈ కామ్రేడ్ మరణవార్త అంగరగ్రామ ప్రజానీకాన్నేగాక, జిల్లాల పీడిత ప్రజానీకాన్ని కలవర పరచింది కామ్రేడ్ తోరాట ఏ ఆశయాలకై తనప్రాణాలు అర్పించాడో ఆ విప్లవ ఆశయాలకై కృషిచేద్దామని ప్రతిన బూనుతున్నాము.

مسٹر اسپیکر - کیا آپ اسے اردو میں سنا سکتے ہیں ؟

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - یعنی وقار آباد ایریا میں -

شری ڈ گمبر راؤ بندو - یہ کس کی رپورٹ ہے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - یہ " پرجاشکتی " کی رپورٹ ہے -

شری ڈ گمبر راؤ بندو - یہ غلط ہے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - کیا اسکی تردید کی گئی ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - یہ ہمارا فرض نہیں کہ ہر بات کی تردید کریں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا ہوم منسٹر اسے غلط سمجھتے ہیں کہ انہیں کسٹڈی میں رکھکر سوٹ کیا گیا ؟

Mr Speaker Next question

LATHI CHARGE IN AURANGABAD JAILS

*47 *Shri Ch Venkatrama Rao* Will the hon Minister for Home be pleased to state :

(i) Whether there was lathi charge in Aurangabad Jail in the first week of April ?

(ii) If so, for what reasons ?

(iii) Whether the Government have taken any steps in the matter ?

شری ڈی گمبر راؤ بندو - ہاں ۱۰ - ۴ - ۵۲ ع کو ایک مائیلڈ لاٹھی چارج (Mild lathi Charge) ہوا - اسکی وجہ یہ تھی کہ حالیہ جیل ایک ٹمپوریری جیل تھا جہاں سے قیدیوں کو اورنگ آباد جیل منتقل کیا جارہا تھا - لیکن وہ ٹرینہ میں جانے کیلئے تیار نہیں تھے - جب کوشش کی گئی تو انہوں نے ڈپٹی جیلر پر حملہ کیا اور رہیں برگرادیا - انہیں ڈسپرس (Disperse) کرنے کیلئے یہ لازمی تھا کہ پولس بلائی جائے - چنانچہ پولس کو بلا کر ایک مائیلڈ لاٹھی چارج کیا گیا جس میں چار یا پانچ آدمی زخمی ہوئے -

شری لکشمن کونڈا - کیا یہ حقیقت ہے کہ بعد میں ان لوگوں نے معافی چاہی اور اپنی غلطی کا اعتراف کیا -

شری ڈی گمبر راؤ بندو - ہاں یہ واقعہ ہے -

شری گرواریڈی (سدی پیٹھ) - کیا کوئی پروٹیسٹ لیٹر (Protest Letter) بھی وصول ہوا؟

شری ڈی گمبر راؤ بندو - میں سمجھا نہیں -

شری گرواریڈی - کیا اس بارے میں آپ کے پاس کوئی پروٹیسٹ لیٹر بھی وصول ہوا ہے ؟

شری ڈی گمبر راؤ بندو - جب انہوں نے خود اپنی غلطی کا اعتراف کیا ہے تو پروٹسٹ لیٹر کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا انکی مانگ یہ تھی کہ انہیں اپنے اپنے ضلعوں کو بھیجدیا جائے -

شری ڈ گمبر راؤ بندو- کیا فرمایا آپ نے - کیا گھروں کو بھیجدیا جائے ؟

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - "گھروں" میں "ضلعوں" کو- کیا وہ بریہ بن ہے لئے انکار کر رہے تھے - انکی کیا مانگیں تھیں ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - انسپکٹر جنرل پولس کے پاس سے جو رپورٹ آئی ہے اس سے ظاہر ہے کہ جو کچھ واقعہ ہوا وہ لازمی تھا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میرا سوال یہ تھا کہ کیا وہ بریہ میں جانے سے انکار کر رہے تھے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو- یہ مسئلہ حکومت کا اختیاری ہے کہ کس کو کس جیل میں رکھا جائے -

شری گروا ریڈی- لاٹھی چارج میں کتنے آدمی زخمی ہوئے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو- چار پانچ آدمی زخمی ہوئے -

شری گروا ریڈی- انہوں نے جو معافی نامہ دیا ہے وہ رٹن (Written) ہے یا زبانی ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو- وہ زبانی ہے لیکن رپورٹ میں درج ہے -

شری گروا ریڈی- ہم اس پر کیسے بھروسہ کرسکتے ہیں -

Mr. Speaker · Let us now proceed to the next question.

ATROCITIES IN JAILS

*48 *Shri Ch Venkatramarao* Will the hon. Minister for Home be pleased to state .

(*i*) Whether he is aware of the atrocities that Jail Superintendent of Warangal, (Shri Achutmal Manji) has committed on the prisoners in that Jail ?

(*ii*) If so, what steps have been taken in the matter?

شری ڈ گمبر راؤ بندو- میرے پاس ایسی کوئی اطلاع نہیں ہے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ- کیا حکومت اسکا جواب دیسکتی ہے کہ

వరంగల్ సెంట్రల్ జైలులోని రాజకీయఖైదీలపై అత్యూతమల్ మంజీ మొహారమిలామ్ దౌర్జన్యాలు రోజు రోజు ఎక్కువ అవుతున్నాయి కామ్రేడ్ చిర్రావూరు లక్ష్మీనరసయ్య, కిషన్ రావు, ఖాజా శేషయ్య, జి మోహనరెడ్డి మొదలైన వారిని చాలాకాలంనుండి పాలిటికల్ సెల్సులో

నిర్బంధించి వుంచారు ఐ జీ వచ్చిన సందర్భములో రాజకీయఖైదీలు ఒక (Memorandum) యిచ్చిన మీాదట నామకః వీరిని వేరే బ్యారక్సులో వుంచుటకు అంగీకరించారు కాని లోహారు ఖానా అనే రేకులకొట్టంలో వీరిని నిర్బంధించారు మోహన్ రెడ్డిని కుష్టురోగులు, పిచ్చివాండ్లు వున్న కొట్లో నిర్బంధించారు దీనికి మోహన్ రెడ్డి అసమ్మతిని తెలియచేస్తే మొహతమీమ్ "నిన్ను పిచ్చివాండ్లను అర్గనైజుచేయడానికి యిచ్చట వుంచాను" అని తలబిరుసు సమాధానము చెప్పాడు వెంటనే తనను యితర బ్యారక్సుకు మార్చకపోతే నిరశనవ్రతం బూన నిశ్చయించాడు కామ్రేడ్ మోహనరెడ్డి

Mr. Speaker What is it that the hon Member is reading?

Shri Ch Venkatrama Rao It is a Press Report

Shri B. Ramakrishna Rao · A Report from Praja Shakthi.

شری ڈ گمبر راؤ بدو - ریکارڈ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دس آدمیوں لکسمی نرسیا - رام کشٹیا اور سسیا نے یہ ریپرزنٹیشن کیا تھا کہ انہیں کتابیں اور اخبار پڑھنے اور وزیٹرس سے ملنے کی سہولتیں دیجائیں - وہاں کے کلکٹر نے اسکی جانچ کی - انکی رپورٹ ہے کہ بہت سی سہولتیں دیگئی ہیں - لیکن اسکے باوجود بھی مطالبے رہتے ہیں اور یہ کہا جاتا ہے کہ سختیاں ہو رہی ہیں - اس کے پیچھے پولٹیکل اغراض ہیں - حقیقت میں کوئی سختیاں نہیں ہیں - یہ کلکٹر کی رپورٹ ہے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - انسپکٹر جنرل آف جیلس کی رپورٹ سے کیا ظاہر ہوتا ہے - کیا ان کی رپورٹ میں منتقلی کا کوئی دوسرا طریقہ بتایا گیا ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - انسپکٹر جنرل آف جیلس کی کوئی رپورٹ نہیں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا وہاں کے سیاسی قیدیوں کی مانگ یہ ہے کہ سالیٹری سل (Solitary cell) میں نہ رکھا جائے ؟ حکومت کی اس بارے میں کیا پالیسی ہے ؟ کیا جیلر کی جانب سے ایسا عمل ہو رہا ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - جیل کا جو مینول ہے اس پر عمل ہونا لازمی ہے اور اسی پر عمل ہو رہا ہے -

شری گروا ریڈی - کیا پولیٹیکل پرزنرس کو بھی سل میں رکھنے کا طریقہ ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بدو - جن قیدیوں کو رکھنا مناسب سمجھا جائے رکھا جاتا ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا آنریبل ہوم منسٹر جانتے ہیں کہ ایک سال کی سزا والے قیدیوں کو سالیٹری سل میں ۸ دن رکھا جاتا ہے - نظربندوں کو سالیٹری سل میں رکھا جانا قانوناً درست نہیں - کیا اس سے ہوم منسٹر واقف ہیں ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو- اگر ایسا کوئی انفرادی واقعہ ہو تو اس پر غور کیا جائیگا -

شری وی- ڈی - دیشپانڈے- خود میرا ہی واقعہ ہے مجھے ورنگل میں ۸-۹ مہینے سالیٹری سل میں رکھا گیا -

شری ڈگمبر راؤ بندو- اسکے بارے میں نوٹس دیں تو دریافت کیا جائیگا -

شری وی- ڈی - دیشپانڈے - آخر حکومت کی کیا پالیسی ہے ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو- یہی کہ جو قانون ہے اسکی پابندی کی جائے -

شری لکشمن گوڈا- کیا جیل مینول میں تبدیلی کیلئے حکومت غور کر رہی ہے؟

شری ڈگمبر راؤ بندو- اس پر غور ہو رہا ہے -

Mr. Speaker Let us now proceed to the next question.

Shri V D Deshpande I have to ask some supplementary questions regarding the same jail.

میرے پاس رپورٹ ہے کہ چند قیدیوں کو باوجود اسکے کہ مڈیکل آفیسر نے یہ رائے دی تھی کہ انکو ایسی حالت میں سالیٹری سل میں نہ رکھا جائے سالیٹری سل میں رکھا گیا اور کچن کا کام انکے سپرد کیا گیا . . . .

Mr Speaker It is more argumentative

Shri V D Deshpande It is not argumentative, Sir.

Mr. Speaker The hon. Member has to ask for information only

شری وی- ڈی - دیشپانڈے- میرا سوال یہ ہے کہ چند قیدیوں کو بارفیٹر پہنا کر رکھا گیا حالانکہ مڈیکل آفیسر نے انہیں منع کیا تھا - اسکی وجہ سے ایک دو آدمیوں کا نقصان ہوا - کیا آنریبل منسٹر اس سے واقف ہیں کہ جیل سپرنٹنڈنٹ نے جیل رولس کے خلاف عمل کیا ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو- مجھے اس بارے میں دریافت کرنا ہوگا -

شری گرواریڈی- پولیٹیکل پرزنرس کی مانگوں کے بارے میں آنریبل منسٹر نے فرمایا کہ اسکے پیچھے پولیٹیکل اغراض ہوتے ہیں - آپکو معلوم ہوگا کہ کانگریس والے جب جیل میں تھے انہوں نے جو مانگیں پیش کی تھیں کیا انکے پیچھے بھی پولیٹیکل اغراض تھے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - کانگریس والے جب جیل میں تھے انکے بارے میں کیا ہوا میرے پاس اسکی رپورٹ نہیں ہے -

شری وی. ڈی. دیشپانڈے - وہاں کے ہر نرس نے میڈیکل اڈ کے لئے درخواست کی تو کہا گیا کہ " نیم ٹری واٹر ول بی اڈیکویٹ " (Neem tree water will be adeqate) نیم کے درخت کا رس اور رنگین پانی کافی ہوگا - میڈیکل اڈ کی ضرورت نہیں - وہاں کے جیل سپرنٹنڈنٹ نے اس قسم کا جواب دیا - کیا آنریبل منسٹر اس سے واقف ہیں ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - میں اس بارے میں دریافت کرونگا -

Mr. Speaker Ch Venkat Rama Rao.

SUPPLY OF BOOKS TO POLITICAL PRISONERS

*49 *Shri Ch Venkatrama Rao* Will the hon Minister for Home be pleased to state.—

Whether he is aware that only pro-American papers and books are being supplied to the political prisoners in Sate Jails ?

شری ڈ گمبر راؤ بندو - یہ غلط ہے - واقعہ یہ ہے کہ جیلوں میں کونسے پیپرس پڑھنے کے لئے دئے جائیں انکی لسٹ گورنمنٹ وقتاً فوقتاً تیار کرتی ہے - وہ لسٹ میں نے یہاں آفس میں دی ہے - آپ دیکھ سکتے ہیں - میں آپ کو نام بھی بتاسکتا ہوں - آپ چاہیں تو پوری لسٹ بھی پڑھکر سنا سکتا ہوں - یہ نہ پرو امریکن (Pro-American) ہیں نہ پرو رسیا (Pro-Russia) - پاپولر اخبارات دئے جاتے ہیں جن میں حیدرآباد بلیٹن - دکن کرانیکل - ڈیلی نیوز - ٹائیمز آف انڈیا - ہندو - ہندوستان ٹائیمز - مشیر دکن - نیشنل - نئی زندگی - شعیب اور رعیت ہیں - یہ اخبارات ایسے نہیں جنھیں پرو امریکن سمجھا جاسکے -

شری لکشمی کونڈا - کیا آپ کے پاس ایسے اخبارات بھی ہیں جو رسیا کی تعریف کرتے ہیں اور ہندوستان کی مخالفت کرتے ہیں - کیا یہ پرو امریکن کہے جاسکتے ہیں - اس قسم کا الیگیشن رشیا کو پسند کرنے والوں کی جانب سے لگایا جاتا ہے -

شری ڈ گمبر راؤ بندو - ہاں ایسا ہوسکتا ہے -

شری سی ایچ - وینکٹ رام راؤ - پرو امریکن (Pro-American) کہنے کا مطلب یہ ہے کہ -

* ఖైదీలకు రాజకీయపుస్తకాలు, పత్రికలు ఏమీ ఇవ్వడంలేదు కావాలంటే ఒక్క అమెరికా పత్రికలు మాత్రం అనుమతించారట.

مسٹر اسپیکر - اخبار کی کٹنگس پڑھکر اسکے بارے میں کیسے سوال کیا جاسکتا ہے - ، اخبار میں کوئی خبر ہو جسکے متعلق آنریبل ممبر سوال کرنا چاہتے ہوں تو ایسی خبر کے متعلق سوال کا نوٹس دیں تو اسکا جواب دیا جائیگا -

شری سی ایچ - ویکنٹ رام راؤ - کیا آنریبل منسٹر یہ جانتے ہیں کہ انسپکٹر جنرل آف جنرل اینڈ پولیس نے جب ورنگل جیل کو وزٹ کی تھی تو اسوقت ایک میمورنڈم انکی خدمت میں پیش کیا گیا تھا کہ یہاں صرف امریکن رپورٹر دیا جاتا ہے اور دوسرے اخبار نہیں ملتے - اسوقت یہ کہا گیا تھا کہ دوسرے پیپرس بھی دئے جائیں گے لیکن عمل نہیں کیا گیا -

شری ڈ گمبر راؤ بندو - یہ دریافت کیا جائیگا -

شری کے - ایل - نرسمہوا ان راؤ (یلندو - عام) کیا میں یہ سوال کرسکتا ہوں کہ جس طرح دئے جانے والے اخبارات کی لسٹ ہے کیا اسی طرح نہ دئے جانے والے اخبارات کی بھی لسٹ ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - گورنمنٹ کے پاس ایسی کوئی لسٹ نہیں ہے - لیکن گورنمنٹ کی طرف سے جو پیپرس دئے جاسکتے ہیں وقتاً فوقتاً ان سے جیلس کو اطلاع دی جاتی ہے -

شری کے - ایل - نرسمہوا ان راؤ - اسٹیٹ میں جو اخبار چھپتے ہیں انکے نہ دینے کا مطلب کیا ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - کوئی ایسا واقعہ آپ بتلائیں تو میں اسکے بارے میں پوچھکر بتاسکتا ہوں -

شری کے - ایل - نرسمہوا ان راؤ - کیامیں یہ پوچھہ سکتا ہوں کہ ایسے اخبارات مثلاً نیا دور - پیام وغیرہ کیوں نہیں دئے جاتے ؟

مسٹر اسپیکر - کیا آپکا منشا یہ ہے کہ جتنے اخبارات چھپتے ہیں وہ سب کے سب دئے جائیں ؟

شری کے - ایل - نرسمہوا ان راؤ - عوام جن اخبارات کو بڑھیا سمجھتے ہیں پڑھتے ہیں تو پھر وہ انہیں کیوں نہیں دئے جاتے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - حکومت اپنے ڈسکریشن سے لسٹ بناتی ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا حکومت اخبارات فری دیرہی ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - لازمی نہیں ہے -

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ جب قیدی نہیں دئے رہی ہے تو پھر نظر بندوں کو انکی ضرورت کا لٹریچر نہ دینے کی کیا خاص وجہ ہے ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو ۔ کوئی خاص وجہ نہیں بلکہ جس چیز کو روکنے کیلئے انہیں جیلوں میں بند کیا جاتا ہے پھر وہی چیز جیل میں کیسے دیجاسکتی ہے ؟

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ کیا یہ صحیح ہے کہ ان اخبارات کو پڑھنے سے روکنا حکومت کا منشاء ہے ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو ۔ چونکہ وہاں انتشار کا موقع ہے اس لئے حکومت کا فرض ہے کہ وہ اسکو روکے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ جب آپ بار بار یہ کہتے ہیں کہ ہمیں کمیونزم کے پرنسپلس پر اعتراض نہیں ہے تو پھر اس پر اعتراض کی کیا وجہ ہے ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو ۔ جیل کے باہر ہر آدمی کو اسکی آزادی حاصل ہے کہ وہ اپنے عقائد کا پرچار کرے ۔ لیکن جیل میں قواعد کی پابندی لازمی ہے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ کیا جیل میں رکھنے کا منشاء انکے عمل کو روکنے کا نہیں لیکن تھاٹس (Thoughts) کو روکنے کا ہے ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو ۔ تھاٹس پر کسی کا کنٹرول نہیں ہوسکتا ۔

شری لکشمن کو نڈا ۔ کیا جیل میں اخبارات دئے جائیں تو اس سے ہنگامے مچانے کا اندیشہ ہے ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو ۔ ایسا ہوسکتا ہے ۔

شری گروا ریڈی ۔ جب کانگرس والے جیلوں میں تھے تو انکی جانب سے اخبارات کا ڈیمانڈ کیا گیا تھا کہ انہیں اخبار دئے جائیں ۔ اس وقت کیا طریقہ کار اختیار کیا گیا ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو ۔ جو اخبارات وہاں دئے جاتے تھے وہ لسٹ میں سے ایک دو ہوتے تھے ۔

شری گروا ریڈی ۔ سوامی جی جب جیل میں تھے تو انکی طرف سے جو ڈیمانڈ کیا گیا تھا کیا آپ اس سے واقف ہیں ۔

شری ڈگمبر راؤ بندو ۔ مجھے علم نہیں ہے ۔

श्री. जे. के. प्राणेशाचार्य (तांडूर-सेडम) — क्या यह सही है की जेल मे चोरी छुपेसे अखबारात जाते है ?

شری ڈ گمبر راؤ بندو- اسکے لئے نوٹس چاہئے -

شری لکشمی کرنڈا - ''کراس روڈ،، جیل میں کیوں نہیں دیا جاتا ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو - میں نے پہلے ہی جواب دیا ہے کہ حکومت کے
ڈکریس کے مطابق جو لسٹ تیار ہوتی ہے اسکے مطابق اخبارات دئے جاتے ہیں -

شری گرو ا ریڈی - کیا یہ صحیح ہے کہ Glimpses of world History
and Discovery of India by Jawaharlal ان کتابوں میں جیل کے خلاف واقعات
لکھے گئے ہیں اس لئے انہیں حیدرآباد کی سنٹرل جیل میں ممنوع کیا گیا ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو- اسکے لئے نوٹس چاہئے -

Mr Speaker Let us proceed to the next question

TREATMENT OF POLITICAL PRISONERS

*50. *Shri Ch. Venkatramarao* Will the hon. Minister for Home be pleased to state:

(*i*) Is it a fact that Political prisoners are beaten and harassed on their way to courts?

(*ii*) If so, what steps have been taken by the Government in the matter?

شری ڈ گمبر راؤ بندو - یہ غلط ہے -

شری وینکٹ رام راؤ- کیا یہ صحیح نہیں ہے کہ ۲۹ مارچ کو سگل سنگھ کو
کانسٹبل نمبر ۱۷۸ نے عدالت لیجاتے ہوئے مارا پیٹا ہے اسی طرح ۱۲ - اپریل کو
گردیو جمعدار نے آکلہ راما سوامی نامی ایک شخص کو کورٹ لیجاتے ہوئے مارا
پیٹا ہے - انہوں نے سپرنٹنڈنٹ جیل کے پاس شکایت کی تو اس پر کیا اسٹپ لیا گیا ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو- اسکی کوئی اطلاع نہیں ہے -

شری لکشمی کرنڈا - کیا یہ صحیح ہے کہ پولٹیکل پرزنرس کورٹ کو جاتے ہوئے
فرار ہونیکی کوشش کرتے ہیں جسکے انسداد کیلئے سختی برتی جاتی ہے ؟

شری ڈ گمبر راؤ بندو- پرزنرس کو انتظام کے ساتھ لیجایا جاتا ہے -

- شری دا. ج شنکر راؤ- ابھی معزز رکن نے جن پرزنرس کے نام بتلائے کیا وہ
بھاگنے کی کوشش کر رہے تھے ؟

شری ڈگمبر راؤ بندو- اسکی کوئی اطلاع نہیں ہے -

شری اناجی راؤ-(دربھی) کیا آپکے پاس ایسی اطلاعیں ہیں که ہربرس اس طرح بھاگ جانے کی کوشش کرتے ہیں یا حمل سے دوری سے بھاگ جانے کی کوشش کرتے ہیں-

شری ڈگمبر راؤ بندو - اسکے لئے نوٹس کی ضرورت ہے -

Mr Speaker Let us proceed to the next question

RETRENCHED TEACHERS

*17 *Shri Ch Venkata Rama Rao* . Will the hon Minister for Public Health, Medical and Education be pleased to state

Whether he is reconsidering the question of the retrenched teachers?

The Minister for Public Health, Medical & Education (Shri Phoolchand Gandhi) Presumably the Member is referring to the question of Primary School teachers whose liens have been terminated for failure to pass regional language test after 3 chances. If so the answer is in the negative for the following reasons

Out of a total number of 2,955 teachers, who, under the orders issued, has to appear for regional language tests, 1,483 have passed and resumed duty. Liens of 477 teachers who have failed in all the 3 tests have had to be terminated 251 teachers have not yet appeared for any test though given facilities. The question of giving them another chance to appear for a test or temination of their lien is now under consideration. The result of the 4th test held in April this year is not known and the last test will be held in October, 1952.

As it is the policy of this State to impart education through the medium of the regional languages, it is not possible to continue in service, teachers who have failed to pass the regional language test, though given leave for the purpose and three chances to pass it.

شری اے- راج ریڈی - (سلطان آباد) کیا یہ صحیح ہے که مدرسین کو علحدہ کرکے تعلیم حاصل کرنے کا حکم دیا گیا ہے - مرکزی حکومت کے ایک حکم کی بناء پر یہاں کے چیف منسٹر نے درجعه نشان (۱۸) مورخه ۱۴ - ڈسمبر سنه ۱۹۵۰ع یه احکام دئے تھے که مدرسین کو دو سال تک برسر خدمت رکھکر زبان دانی کا امتحان پاس کرنے کا موقع دیا جائے اور بصورت ثانی اضافه تدریجی کے روکدینے کا حکم دیا گیا تھا - اگر اسکی تعمیل کی جا رہی ہے تو کس حد تک کی جا رہی ہے ؟

شری بھول چند گاندھی - اس حکم کے تحت جو عمل کیا گیا اسکی تفصیل پہلے ہی دی جا چکی ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - لیکن ابھی جس کا ذکر کیا گیا ہے اس سے متعلق ایسا عمل نہیں کیا گیا -

شری بھول چند گاندھی - مجھے دیکھنا پڑیگا - اسوقت میرے پاس جو ریکارڈ ہے اس میں اس کا ذکر نہیں ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - اس سلسلہ میں جو مموریڈم پیش کیا گیا ہے کیا وہ آنریبل منسٹر کے پاس نہیں ہے ؟

شری بھول چند گاندھی - میرے پاس نہیں ہے -

شری رنگ راؤ دیشمکھ - (گنگا کھیڑ) کیا آنریبل منسٹر یہ بتاسکتے ہیں کہ دوران رخصت میں مدرسین کو تنخواہ دی جاتی ہے ؟

شری بھول چند گاندھی - رخصت کے زمانے میں جو تنخواہ دی جانی چاہئے وہ دی جاتی ہے -

شری کے - یل - نر سمہوان راؤ - انہیں رخصت کے زمانے میں آدھی تنخواہ دی جاتی ہے یا پوری ؟

شری بھول چند گاندھی - رخصت کے قواعد کے تحت جیسی صورت ہو نصف یا پوری تنخواہ دی جاتی ہے -

شری کے - یل نر سمہوان راؤ - بعض مقامات پر آدھی تنخواہ دیگئی ہے -

شری بھول چند گاندھی - قانون کے تحت دیگئی ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا یہ صحیح ہے کہ مدرسین کو لیو (Leave) لینے پر مجبور کیا گیا ؟

شری بھول چند گاندھی - انکی سہولت کے لئے سب کچھ کیا جاسکتا ہے -

شری کے - یل - نر سمہوان راؤ - کیا یہ درست ہے کہ ریجنل لینگویج کے سرٹیفکیٹس رکھنے کے باوجود کچھ لوگوں کو ملازمت سے علحدہ کیا گیا ؟

شری بھول چند گاندھی - یہ بالکل غلط ہے -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا چوتھی کے سرٹیفکٹس انکے پاس ہونے کے باوجود انہیں علحدہ کیا گیا ہے ؟

شری پھول چند گاندھی - ایسا نہیں ہے بلکہ جو ٹسٹ ان کے لئے رکھا گیا ہے اس میں کامیاب ہونا لازمی ہے۔ کوئی دوسرا سرٹیفکٹ قابل قبول نہیں ہوتا -

شری متیال راؤ - (سکندرآباد - محفوظ) امتحان میں شریک ہونے والوں کے لئے کیا کسی پر سٹیج کے قایم کرنیکی ھدایات دیگئی ہیں ؟

شری پھول چند گاندھی - ایسی کوئی ھدایات نہیں دیگئی ہیں -

شری لکشمن کونڈا - آنریبل منسٹر یہ بتائینگے کہ کیا ٹیچرس کو ریجنل لینگویجس کا جاننا ضروری ہے -

شری پھول چند گاندھی - ہاں جاننا ضروری ہے -

شری لکشمن کونڈا - کیا ایوزیشن کی جانب سے اس کا ڈیمانڈ رکھا گیا ہے کہ ریجنل لینگویجس کا امتحان لازمی قرار دیا جائے ؟

شری پھول چند گاندھی - ڈیمانڈ کرنے والوں میں اپوزیشن کے کون تھے میں نے نہیں دیکھا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا آنریبل منسٹر یہ سمجھتے ہیں کہ یہ سوال اررلیونٹ (Irrelevant) نہیں ہے ؟

شری پھول چند گاندھی - میں کچھ بھی نہیں سمجھتا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میرا یہ سوال ہے کہ انڈین کانسٹی ٹیوشن کے آرٹیکل ۳۰۹ کے تحت جنرل اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ نے ایک نوٹیفیکشن نکالا ہے جس میں کہا ہے کہ گورنمنٹ افسر اگر ریجنل لینگویج کا امتحان پاس نہ کریں انکریمنٹ روک دیا جائے اور جب تک پاس نہوں انکا انکریمنٹ اجرا نہوگا - تو کیا وجہ ہے کہ مدرسین کے سلسلہ میں ایسا طریقہ اختیار نہیں کیا گیا ؟

شری پھول چند گاندھی - مدرسین کے سلسلہ میں گورنمنٹ نے جو آرڈرس نکالے ہیں انکو ملاحظہ فرمایا جائے تو جواب ملجائیگا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - میرا سوال یہ ہے کہ ان پرمسٹ سرونٹس کو جنہیں ریجنل لینگویج نہیں آتی ہے علحدہ کرنا حکومت کیوں ضروری سمجھتی ہے ؟

شری پھول چند گاندھی - اس خیال سے .

مسٹر اسپیکر - کیا آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ حکومت کی پالیسی اسبارے میں کیا ہے ؟ اگر ایسا ہے تو رولس بتلادئے جائینگے - Next question

GOVERNMENT DOCTORS

*85 *Shri A Raj Reddy* (*Sultanabad*) Will the hon Minister for Public Health, Medical and Education be pleased to state

(1) Whether the Doctors in Government service are allowed to have private practice?

(2) If so, whether such Doctors utilize medicines and equipment supplied to them by the Government for purposes of their practice?

(3) If so, how many cases of such improper utilization for private practice have come to the notice of the Government during the current year and what action has been taken by the Government in respect of them?

Shri Phoolchand Gandhi —(1) Doctors in Government service are allowed to have consulting practice and visit patients out of hospital hours

(2) No

(3) None

شری لکشمن کو نڈا - کیا یہ صحیح ہے کہ وہ ڈاکٹر جو پرائیوٹ پراکٹس نہیں کرتے وہ دوا خانہ میں ان پیشنٹس (Inpatients) سے بغیر پیسے لئے ٹریٹ (Treat) نہیں کرتے ؟

شری پھول چند گاندھی - ایسی بات تو نہیں ہے -

Shri L K Shroff (*Raichur*) Is it a fact that a complaint has been made to Government regarding a particular lady Doctor of Raichur in this connection ?

Shri Phoolchand Gandhi A complaint has been received by Government and it is still under investigation. The complainants have not come forward even though they were asked by the Government to give evidence

شری لکشمن کو نڈا - کیا یہ صحیح ہے کہ ڈاکٹر سوم سندرم جنہیں کرپشن کے سلسلہ میں علحدہ کیا گیا ہے فی الواقعی پیسے لئے بغیر پیشنٹس کو اڈمیشن نہیں دیتے تھے ؟

شری پھول چند گاندھی - پرائیویٹ پراکٹس کے سلسلہ میں یہ سوال کیسے پیدا ہو گیا - ابھی اسکے متعلق فائینل آرڈرس حکومت کی جانب سے نہیں جاری ہوئے -

شری لکشمن کو نڈا - تو کارروائی کس اسٹیج پر ہے ؟

شری پھول چند گاندھی - ٹریبیونل انکوائری کے بعد جج مقرر دیا گیا - اسکے بعد اب وہ چیف منسٹر کے پاس پنڈنگ ہے -

شریمتی معصومہ بیگم (شاہ علی بنڈہ) - ہاسپٹلس کے ڈاکٹروں کو کیا پرائیویٹ پراکٹس

شری جے رام ریڈی (برساپور) - (intervening) سنگا ریڈی کے دوا خانہ کی لیڈی ڈاکٹر پیسے لیکر علاج کرتی ہے اسکے متعلق کیا آپکو علم ہے ؟

شری پھول چند گاندھی - آنریبل ممبر خود سنگا ریڈی کے ہیں لیکن انہوں نے آج تک مجھ سے کبھی شکایت نہیں کی -

شری انا جی راؤ - پربھنی کے دوا خانہ میں ڈاکٹر صاحب دوا خانہ میں دوا نہیں ہے کہکر مریضوں کو واپس کردیتے ہیں اور دوا بیچالتے ہیں - کیا آپکو اس کا علم ہے ؟

شری پھول چند گاندھی - پربھنی کے دوا خانہ میں اتنی دوا ہے کہ اگر موجودہ مریضوں سے دگنے مریض بھی وہاں آئیں تو انکو کافی ہوسکتی ہے -

شری انا جی راؤ - اسکے معنی یہ ہیں کہ دوا بیچالی جاتی ہے -

شری پھول چند گاندھی - معنی نکالنے کا آپکو اختیار ہے -

شری لکشمن کونڈا - کیا یہ صحیح ہے کہ گورنمنٹ سرویس میں جو ڈاکٹرس ہیں ان سے جب دوا خانہ میں ملتے ہیں تو گھر آنے کے لئے کہتے ہیں ؟

شری پھول چند گاندھی - میرے سامنے ایسی کوئی چیز نہیں آئی -

شری جے رام ریڈی - کیا یہ صحیح نہیں ہے کہ جو مریض دوا خانے میں آتے ہیں ان سے انجکشن کے لئے پیسے لئے جاتے ہیں ؟

شری پھول چند گاندھی - ایسے سوالات کسطرح فالو کئے جاسکتے ہیں - بلا وجہ مزید سوالات پوچھے جارہے ہیں ان کا جواب . . .

شری داور حسین - (نظام آباد) کیا آنریبل ہلتھ منسٹر یہ جانتے ہیں کہ جو سرٹیفکٹ ہاسپٹل آورس میں دیا جاتا ہے اس کے لئے ۵ - ۱ روپیہ کا مطالبہ کیا جاتا ہے ؟

شری پھول چند گاندھی - سرٹیفکٹس کے لئے چار جس لینا مناسب سمجھا گیا ہے -

شری انا جی راؤ - پربھنی کے دوا خانے میں جو غذا مریضوں کو دیجاتی ہے وہ بہت خراب ہوتی ہے کیا اس کا علم آنریبل منسٹر کو ہے ؟

شری بھول چند گاندھی - آج تک کسی نے شکایت نہیں کی -

ایک آنریبل ممبر - کیا آنریبل منسٹر کو علم ہے کہ ھنگولی کے دوا خانے میں ڈاکٹر صاحب کا سلوک مریضوں کے ساتھ اسقدر برا ہے کہ انکے اس سلوک کی وجہ سے حال ہی میں ایک مریض ختم ہوگیا ہے ؟

شری بھول چند گاندھی - مجھے اس کا علم نہیں ہے -

شری داور حسین - کیا آنریبل منسٹر کو اس کا علم ہے کہ ہاسپٹل آورس میں جو طبی صداقت نامے دئے جاتے ہیں انکی فیس لی جاتی ہے -

شری بھول چند گاندھی - اس کا جواب میں دے چکا ہوں -

شری لکشمن کونڈا - کیا یہ صحیح ہیکہ دواخانوں میں دوائیں زیادہ پانی ملاکر دی جاتی ہیں ؟

Mr Speaker The hon Member is going into too many details

(Laughter)

श्री नरेंद्रजी (कारवान) अुस्मानाबाद के अेक असिस्टेंट डाक्टरने अेक मरीज से कहा की वक्त खतम होगया है, मैं नही देखसकता। लेकिन दूसरे दिन चालीस रुपये लेकर अिलाज किया गया। क्या आनरेबल मिनिस्टर को अिसका अिल्म है ?

شری بھول چند گاندھی - تمام ممبرس ہر دواخانے سے متعلق سوالات کرتے جائیں تو میں کیسے جواب دیسکتا ہوں البتہ اسکے متعلق نوٹس دیجائے تو میں جواب دیسکتا ہوں -

श्री नरेंद्रजी सवालात के जवाबात देना आनरेबल मिनिस्टर का फर्ज है ?

شری بھول چند گاندھی - فرض تو ہے لیکن میں کوئی ڈکشنری نہیں ہوں -

شری داور حسین - دواخانوں میں جو سرٹیفکٹس دئے جاتے ہیں ان پر کس حساب سے چارج کیا جاتا ہے ؟

شری بھول چند گاندھی - اسکے لئے نوٹس کی ضرورت ہے -

شری لکشمن کونڈا - کیا دواخانوں کی بدعنوانیوں سے متعلق کوئی رپورٹ آپکے پاس آئی ہے ؟

شری بھول چند گاندھی - بہت سی رپورٹیں آئی ہیں -

شری لکسمن کونڈا - اسکے متعلق کیا انکوائری ہوئی ؟

شری پھولچند گاندھی - رپورٹس آنے پر غور کیا گیا کسی کو سزا دیگئی کسی کا گرینڈ روکا گیا اور جسکو جو سزا مناسب سمجھی گئی دیگئی -

ایک آنریبل ممبر - کیا آنریبل ممبر بتائینگے کہ جن ڈاکٹروں نے پیسے لیکر دوائیں دیں انکے متعلق کوئی رپورٹ آپکے پاس آئی ہے اور اگر آئی ہے تو انکے اس طریقے کو بند کرنے کیلئے کیا آپ نے کوئی ہدایات دئے ہیں ؟

شری پھولچند گاندھی - ہدایت ہی کیا بلکہ ثابت ہونے پر انکو سزائیں دیگئی ہیں کسی کو کم کسی کو زیادہ -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - دو چار مثالیں ہمارے سامنے رکھی جائیں تو مناسب ہے -

شری پھولچند گاندھی - اگر آپکو دلچسپی ہو تو میں ایک مثال رکھونگا یعنی دورے کے سلسلہ میں میں ایک مقام سے گزرا جہاں دواخانہ تھا - دواخانہ میں گیا تو بہت سے لوگ جمع ہوگئے - میں نے ان سے کہا کہ کوئی شکایت ہو تو بیان کریں - وہاں کے ڈاکٹر صاحب لاٹری کھیلتے تھے - انکا تدارک کیا گیا - ایسا ہی

چند مقامات پر جنکے نام بتلانیکی ضرورت نہیں ہے وہاں کے ڈاکٹرس پیسے لیکر دواخانہ میں انجکشن دیتے تھے - تحقیقات کے بعد انکو وارننگ دیگئی اور انکا انکریمنٹ روکا گیا -

شری وی - ڈی دیشپانڈے - ایسے حالات میں کیا وارننگ کافی سمجھی گئی - اس سلسلہ میں میرا سوال یہ ہیکہ جب ڈاکٹروں کو پرائیویٹ پراکٹس کرنیکی اجازت دیتے ہیں تو ٹیچروں کو ٹیوشن نہ کرنے دینے کے متعلق حکومت کیوں سوچ رہی ہےاور انکو بھی ایسی رعایت کیوں نہیں دیجاتی ؟

شری پھولچند گاندھی - حکومت کی پالیسی ایسی ہی ہے جو پہلے سےچلی آرہی ہے - اگر پرائیویٹ پراکٹس کی اجازت نہ دیجائے تو جو تنخواہ انہیں دیتے ہیں اس تنخواہ پر ہمیں ڈاکٹر نہیں مل سکتے -

श्री नरेंद्रजी. विलेज मेडिसेन बाक्सेस (Village Medicine Boxes) की जो स्कीम है वह किस हद तक अमल में लाओगओ ? फी कस क्या अखराजात होते हैं ?

شری پھولچند گاندھی - باکس کا سوال یہاں کیسے پیدا ہوسکتا ہے -

Mr. Speaker : We shall proceed to the next question. Shri Raj Reddy.

Shri Raj Reddy . Only one more supplementary question, Sir

Mr. Speaker : Order, Order We shall proceed to the next question Shri Raj Reddy

Retrenched Teachers

*89 *Shri Raj Reddy* Will the hon Minister for public Health, Medical & Education be pleased to state

(*a*) Whether there is any case pending in the Hyderabad High Court, filed by Retrenched Teachers Association against the Education Department ?

(*b*) Whether Stay Orders have been issued therein against Education Department ?

(*c*) Whether any orders have been passed against them after the Stay Order ?

(*d*) Whether their position is aggravated on that account ?

Shri Phoolchand Gandhi (*a*) No petition was filed by the 'Retrenched Teachers' Association' against the Education Department However, two teachers by name Shri Abdus Samad and Shri Yasin Ali who were given leave to enable them to appear for the language test filed a petition in the Hyderabad High Court for a writ of certiorari, Mandamus and Prohibition against the Education Department for declaring as null and void the Press note and order issued by the Hyderabad Government calling upon the Primary School Teachers to pass the Regional Language Test

(*b*) A Stay Order was passed by the High Court on the 5th November, 1951, applicable to the above two teachers.

The original petition was, however, ultimately dismissed by the High Court on the 20th January, 1952.

(*c*) & (*d*) The answer is in the negative. On the other hand, both the teachers were permitted to join duty, since they passed the test held in October, 1951.

شری راج ریڈی - کیا یہ صحیح ہے کہ علیحدہ کردہ مدرسین کو نصف پاس پر رخصت دیجاتی ہے اور اس سلسلہ میں دو اشخاص کی جو اوسی مقام کے ہوں ضمانت حاصل کرلیجاتی ہے - اگر وہ ناکام ہوجائیں تو ضمانت داروں کو رقم دینا پڑتا ہے -

شری پھولچند گاندھی - میرے علم میں ایسا واقعہ نہیں ہے - مجھے یہ دیکھنا پڑیگا -

شری دا بی شنکر راؤ - مدرسین کے تعلیم حاصل کرنے کے لئے جو مراکز قائم کئے گئے

ھیں کیا وہ مراکز ایسے مقامات پر ھیں جہاں دور دور سے لوگوں کو آنا پڑتا ھے یا ایک ھی مقام پر رھنے والے مدرسین کیلئے ایک مرکز قائم کیا گیا ھے ؟

مسٹر اسپیکر - یہ سوال غیر متعلق ھے - یہاں سوال نمبر ۸۹ ھے اس میں ھائیکورٹ کے کیس کے بارے میں سوال کیا گیا ھے -

Let us proceed to the next question Shri Ganeriwal.

ADALAT ARAISH BALDA

*66 *Shri L R Ganeriwal* Will the hon. Minister for Local Government be pleased to state ·

(1) Whether it is a fact that the Court of Nazim, Adalat Araish Balda has been abolished?

(2) If so how many cases were pending before the Court when it was abolished?

(3) What arrangements have been made in respect of the work that was being attended to by the said Court ?

The Minister for Local Self Government (Shri Anna Rao Ganamukhi) —

(1) The City Improvement Board Court was abolished on 1st January, 1951.

(2) The number of pending cases before the City Improvement Board Court at the time of its abolition was 74.

(3) The Collector, Hyderabad District, has been authorised to deal and dispose of such cases.

An hon Member . May I know the reason for the abolition of the Court ?

Shri Anna Rao Ganamukhi As a measure of economy it has been abolished.

Mr. Speaker . We shall proceed to the next question. Shri Ganeriwal.

MISAPPROPRIATION OF MUNICIPAL FUND

*67. *Shri L. R. Ganeriwal* : Will the hon. Minister for Local Self Government be pleased to state :

(1) Whether it is a fact that some officers of the Municipal Corporation (Hyderabad), were charged for having misappropriated some amounts ?

(2) If so what action has been taken against those Officers?

(3) How many of such cases have been disposed of and how many are still pending?

Shri Anna Rao Ganamukhi (1) A few officers of the Hyderabad Municipal Corporation have been charged for misappropriation

(2) Prosecutions have been instituted against the accused officers They are still under the trial of the Court

(3) Administrative action has been taken against the Assessor and four Assistant Assessors of the Tax Department for carelessness by transferring them, and five inspectors have been compulsor ly retired Prosecutions have been launched against twelve Bill Collectors and the cases are under trial

شری لکشمن کونڈا - تغلب کے ایسے کتنے کیسس ھیں حو کورٹ میں چل رھے ھیں ؟

شری انا راؤ - ۱۲ کیسس ھیں -

شری لکشمن کونڈا - ڈیپارٹمنٹ میں کتنے کیس چلر ھے ھیں ؟

شری انا راؤ - ڈیپارٹمنٹ میں کوئی کیس نہیں ھے ؟

شری لکشمن کونڈا - کسے روپیہ مس اپروپریٹ (Misappropriate) ھو گئے ؟

شری انا راؤ - اس سلسلہ میں حوسب کمیٹی تحقیقات کے لئے قایم کی گئی تھی اوس کی رپورٹ سے معلوم ھوا ھے کہ تقریباً (۴۶۱۸-۱۰-۴) روپوں کا تغلب ھوا ھے ؟

شری لکشمن کونڈا - کتنے سال میں یہ تغلب ھوا ھے ؟

شری انا راؤ - اسکے متعلق میں نہیں کہہ سکتا اس کے لئے نوٹس چاھئے -

شری لکشمن کونڈا - اس تغلب کا پتہ کتنے دنوں کے بعد چلا ؟

شری انا راؤ - ۱۲ ٹکس کلکٹرس تھے - یہ لوگ ٹیکس وصول کرتے تھے اور اوسے اپنے پاس رکھتے تھے - انسپکٹرس اور اسیسرس کافی نگرانی نہیں کرتے تھے جسکی وجہ سے یہ تغلب عمل میں آیا -

श्री नरेंद्रजी क्या यह सही है की जिन लोगोको गबन् के सिलसिले में स्टॅंडिंग कौन्सिल ने बरतरफ कर दिया था वे फिर बहाल कर दिये गये है. ?

شری انا راؤ - مجھے یہ معلوم ھوا ھے کہ سب کمیٹی کی رپورٹ کے بعد ایک اسیسر اور ۴ اسسٹنٹ اسیسرس کو جنہوں نے غفلت کی تھی محکمہ لوکل گورنمنٹ نے ٹرانسفر کردیا -

श्री नरेंद्रजी क्या यह सही है की रुश्वत के सिलसिले में जिनको बरतरफ कर दिया गया था अुन्हे बहाल कर दिया गया ?

شری انا راؤ - میں واقف نہیں ہوں -

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल जाली रसाअिद जिन छापेखानो में छपे थे अुन छापेखानो के खिलाफ भी कोअी कारवाअी की गअी ?

شری انا راؤ- اس سے میں واقف نہیں ہوں -

شری لکشمی کونڈا - اسکی روک تھام کے لئے آیندہ کیا انتظام کیا گیا ہے ؟

شری انا راؤ- اب طریقہ یہ ہے کہ ٹکس پیئر (Tax-Payer)ٹریزری میں راست ٹیکس داخل کرتے ہیں - بل کلکٹر راست ان سے وصول نہیں کرتا -

श्री नरेंद्रजी रुश्वत के सिलसिले में सजाके तोरपर जो तबादिले किये गयहे तो अिसकी क्या जमानत है की वे वहा जाकर रुश्वत न लेगे ?

شری انا راؤ- اس قسم کی حرکات کو روکنے کے لئے نگرانی رکھی گئی ہے-

شری بھگونت راؤ گسھیر راؤ (عسڑ) اتنی بڑی رقم کا تعلب وقت واحد میں ہوایا رفتہ رفتہ - اگر ابتداً میں ہی علم ہوا تو اس سلسلہ میں کیا کارروائی کی گئی ؟

شری انا راؤ- کتنی مدت میں عمل ہوا اس کا مجھے علم نہیں ہے اس کے لئے مجھے نوٹس کی ضرورت ہے -

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल बिल्-कलेक्टर्स जो रसाअीद अिश्यु करते है क्या अिनका मुकाबिला खातेसे किया जाता था ?

شری انا راؤ- میں اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا - بارہ بل کلکٹرس کے چالانات ہوئے ہیں -

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल . मै चालानात के मुतालिक नही पूछरहाहूं, बल्की यह पूछरहा हू की बिल्-कलेक्टर्स तो रसाअिद अिश्यु करते थे क्या अिनको खातेसे मिलाया जाताथा ?

شری انا راؤ - میں اس سے واقف نہیں ہوں - نوٹس دیں تو بتا سکتا ہوں -

